شیئرز کے کاروبار کی شرعی حیثیت

PROGRESS REVIEW OF THE CAPITAL LISTED ON THE EXCHANGE

Group Of Companies	1994		1995		1996		1997	
	No. of Co's	Paid-up Capital	No. of Co's	Paid-up Capital	No. of Co's	Paid-up Capital	No. of Co's	Paid-up Capital
Mutual Funds	30	1,626.640	37	3,141.050	39	4,201.050	39	4,761.050
Modarabas	51	8,031.917	52	8,705.303	52	8,412.706	52	8,418.420
Leasing Companies	25	2,844.051	28	3,782.870	30	4,099.563	32	4,427.514
Investment Banks	34	9,601.156	37	12,583.791	39	13,822.407	39	14,197.225
Insurance	32	974.420	35	1,380.484	39	2,003.281	39	2,118.638
Textile Spinning	155	11,512.986	158	12,035.836	153	11,855.526	152	12,041.726
Textile Weaving	27	2,545.729	28	2,646.119	28	2,643.754	27	2,415.123
Textile Composite	43	5,006.470	47	6,001.975	51	6,641.544	53	7,304.669
Woollen Textile	9	218.471	9	218.472	9	218.472	8	215.580
Synthetic & Rayon	25	7,410.112	26	9,545.829	27	9,857.738	27	9,857.738
Jute	8	414.344	8	414.344	8	414.344	8	414.344
Sugar & Allied	38	4,221.023	38	4,497.525	38	4,601.594	38	4,908.338
Cement	16	4,253.756	18	13,794.206	20	17,210.704	21	18,951.741
Tobacco	7	541.012	7	541.012	7	541.011	6	561.870
Fuel & Energy	18	17,267.473	22	23,144.169	28	28,666.583	27	29,756.909
Engineering	17	987.402	17	1,022.789	16	1,079.570	16	1,125.768
Auto & Allied Engineering	25	3,081.191	25	3,444.964	25	3,611.309	25	3,659.340
Cables & Electrical Goods	16	746.037	16	794.457	16	794.456	16	804.775
Transport & Communication	5	11,512.539	7	11,832.016	7	56,837.370	7	56,837.424
Chemical & Pharmaceutical	39	6,141.574	40	7,704.457	41	17,611.618	41	18,361.068
Paper & Board	15	908.960	15	1,030.215	15	1,148.429	15	1,226.928
Vanaspati & Allied Industries	19	411.303	19	411.303	19	395.702	19	437.288
Construction	4	116.423	4	116.423	4	113.425	4	113.425
Leather & Tanneries	8	365.978	8	369.481	8	371.838	8	371.846
Food & Allied	22	1,516.619	23	1,898.267	22	1,921.244	21	1,949.592
Glass & Ceramics	11	774.787	11	779.825	11	852.962	11	867.880
Miscellaneous	25	1.104.869	29	2,589.853	30	2,699.658	30	2,701.219
GRAND TOTAL	724	104,137.242	764	134,427.035	782	202,627.858	781	208,807.438

پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

اسکولوں کے طلباء و طالبات کے لئے!

ایمانیات و عقائد، فقہی اصطلاحات، طہارت، اذان، نماز، زکوٰۃ
روزہ اور حج کے مسائل نیز چند معاشرتی آداب پر مشتمل
سوال و جواب کی صورت میں آسان

مختصر نصابِ فقہ سوالاً جواباً

ترتیب و تدوین
پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

ناشر
اسکالرز اکیڈمی
پوسٹ بکس 17887 گلشن اقبال۔ کراچی 75300

شیئرز کے کاروبار کی شرعی حیثیت

تدوین

پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

قمر العلوم
قمر سیالوی روڈ
گجرات
053-3526083
0300-9626100

ناشر

اسکالرز اکیڈمی

پوسٹ بکس نمبر 17777 گلشن اقبال، کراچی 75300

نام کتاب	:	شیئرز کے کاروبار کی شرعی حیثیت
تالیف	:	پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز
کمپوزنگ	:	حافظ محمد عابد' فون : 7739070
اوراق بندی	:	شفاعت الرسول بھٹی
تاریخِ اشاعت	:	نومبر ۱۹۹۹ء (بارِ دوم)
تعداد	:	گیارہ سو
قیمت	:	۱۵ روپے
ناشر	:	اسکالرز اکیڈمی' گلشن اقبال' کراچی

ملنے کے پتے

فضلی سنز' اردو بازار' کراچی — مکتبہ رضویہ' آرام باغ' کراچی

فریدی بک سینٹر' اردو بازار' کراچی — مکتبہ المدینہ' اردو بازار' کراچی

مکتبہ ضیائیہ — بوہڑ بازار' راولپنڈی

مکتبہ قادریہ — داتا دربار مارکیٹ' لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شیئرز کے کاروبار کی شرعی حیثیت

آج کل کاروباری دنیا میں شیئرز کے کاروبار کا چل چلاؤ زیادہ ہے۔ بہت سے لوگ جو اپنے سرمایہ سے کوئی مستقل کاروبار ذاتی طور پر نہیں کر سکتے' یا کاروبار کے لئے وقت نہیں نکال پاتے' یا بیٹھے بٹھائے بغیر محنت کئے مالدار بننے کے خواہاں ہوتے ہیں وہ اپنی جمع پونجی شیئرز کے کاروبار میں لگاتے ہیں۔ زیرِ نظر مضمون میں ہم شیئرز کے کاروبار کی شرعی حیثیت بیان کریں گے' چنانچہ پہلے شیئرز کا تعارف پیش خدمت ہے۔

شیئرز کی تعریف :

شیئرز انگریزی زبان کا لفظ ہے جس کا اردو میں متبادل حصص اور عربی میں اسھم ہے اس سے مراد کسی بڑے کاروباری ادارہ' فیکٹری' مل' ایئر لائن' بینک وغیرہ کے مالیاتی اجزاء یا حصے ہیں جنہیں خرید کر کوئی شخص کاروبار میں کم پیسے کے ساتھ شریک ہوتا ہے۔ مثلاً ایک شخص کے پاس دس ہزار روپے ہیں اور وہ سمجھتا ہے کہ اس سرمایہ سے کوئی مستقل کاروبار کرنا ممکن نہیں یا ممکن تو ہے مگر سرمایہ ڈوب جانے' ضائع ہو جانے کا خطرہ ہے' چنانچہ وہ کسی ایسے شخص یا دوست کی تلاش میں نکلتا ہے جو دیانت دار ہو' کاروباری ہو اور اس کا کاروبار منافع بخش ہو' وہ اپنے دس ہزار روپے اس کے حوالہ کرنا چاہتا ہے تاکہ اس سرمایہ کو وہ کاروبار میں لگا کر سال بسال اس کا منافع اسے دے دیا کرے اور اصل زر (جو سرمایہ اس نے اسے دیا ہے) کو وہ ضائع نہ ہونے دے۔ نہ ہی اس میں کمی واقع ہونے پائے۔ کاروباری دنیا میں ایسے شریک یا سرمایہ دار کا ملنا خاصا دشوار ہے۔ اور کچھ عدمِ اعتماد کی کیفیت بھی کسی دوست کو آزمانے اور سرمایہ اس کے حوالہ کرنے پر آمادہ نہیں ہونے دیتی۔ چنانچہ وہ شخص اپنا سرمایہ کسی بڑے کاروباری ادارہ کے سپرد کرنے کی سوچتا ہے جہاں اس کا سرمایہ محفوظ رہے اور معقول منافع بھی مل سکے۔ عموماً سرکاری ملازم

ریٹائر منٹ کے وقت ایسی صورتحال سے دوچار ہوتے ہیں جب انہیں یکمشت ایک معقول رقم ان کے ادارے کی جانب سے ملتی ہے اور وہ اس کے ضائع ہونے کے خوف سے اسے وقتی طور پر بینک میں جمع کرادیتے ہیں اور کسی کاروباری ادارہ یا شخص کی جستجو میں نکل کھڑے ہوتے ہیں۔ عام طور پر ایسے لوگ شیئرز خریدتے ہیں جن کے پاس وافر سرمایہ ہوتا ہے اور وہ اسے کاروبار میں لگا کر اس پر منافع حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

شیئرز کسی کاروباری یا صنعتی ادارہ کی کل ملکیت کے اجزاء کا نام ہے' فرض کیجئے ایک شخص ایک لاکھ روپے کی مالیت سے ایک فیکٹری لگانا چاہتا ہے تو اس فیکٹری کی کل مالیت ایک لاکھ روپے ہوئی اب اس مالیت کے اجزاء (ایک روپیہ فی جزء کے حساب سے) ایک لاکھ ہوئے۔ فیکٹری کا مالک چاہتا ہے کہ اس کو ایسے سرمایہ کار مل جائیں جو اس فیکٹری کے کچھ اجزاء خرید لیں تاکہ اسے کچھ سرمایہ دوسروں سے مل جائے اور کچھ سرمایہ وہ اپنا لگا کر کاروبار کامیابی سے چلا سکے۔ چنانچہ وہ اعلان کرتا ہے کہ میں اپنی فیکٹری کے مالیاتی اجزاء (شیئرز) فروخت کرنا چاہتا ہوں مگر ایک جزء کم از کم دس روپے کا ہوگا گویا اس نے ایک لاکھ روپے کے ایک لاکھ اجزاء بنانے کی بجائے دس ہزار اجزاء بنادیئے۔ (دس ہزار x دس = ایک لاکھ) اس طرح کم سرمایہ والے لوگوں کو سرمایہ کاری کا ایک موقع ملا اور انہوں نے اس فیکٹری میں اپنا سرمایہ لگانے کے لئے اس کے مالیاتی اجزاء یا حصص یا شیئرز خریدنے کے لئے مالک سے رابطہ کیا اور پانچ افراد نے ہزار ہزار شیئر (دس دس روپے والے) خرید لئے تو اس طرح انہوں نے فیکٹری مالک کو پچاس ہزار روپے فراہم کردیئے۔ اس طرح اب اس فیکٹری میں چھ افراد کا سرمایہ لگ گیا ایک تو اصل مالک جس کے پچاس ہزار ہیں اور باقی پانچ وہ جنہوں نے ایک ایک ہزار شیئر خریدا ہے' ان پانچ افراد کو بھی فیکٹری کے مالیاتی اجزاء خریدنے یا حصص / شیئرز لے لینے کی وجہ سے فیکٹری کا سرمایہ کار یا حصہ دار تصور کیا جائے گا۔ یوں اس فیکٹری میں چھ حصہ دار یا مالک ہوئے' ایک کا حصہ جو اصل مالک تھا پچاس ہزار اور باقیوں کا ایک ایک ہزار شیئر کی وجہ سے (دس روپے فی شیئر کے حساب سے) دس دس ہزار روپیہ ہوا۔

جن لوگوں نے کارخانہ دار یا فیکٹری کے مالک کو پچاس ہزار روپے کی یہ رقم فراہم کی ہے ظاہر ہے انہیں اس کی کوئی رسید چاہئے چنانچہ فیکٹری مالک ہر ایک کو ایک رسید جاری کرتا ہے جس پر تحریر ہوتا ہے کہ اس فیکٹری کے حصص / شیئرز میں سے اس شخص مسٹر فلاں فلاں نے ایک ہزار شیئرز خریدے ہیں جن کی مجموعی مالیت دس روپے فی حصہ کے اعتبار سے دس ہزار روپے بنتی ہے۔ چونکہ حصص خریدنے والوں کی رقم کم زیادہ بھی ہو سکتی ہے یعنی کوئی ایک ہزار کے حصص خریدے کوئی پانچ سو روپے کے تو آسانی کے لئے فیکٹری کا مالک ایسی رسیدیں تیار کرالیتا ہے جن کی مالیت متعین ہوتی ہے مثلاً سو سو روپے والی ان رسیدوں کو وہ رسید کی بجائے سو روپے کا شیئر سرٹیفکیٹ کہہ دیتا ہے اور سرمائے کے حساب سے خریدار یا شریک کو وہ اتنی رسیدیں دے دیتا ہے جتنا اس کا سرمایہ ہو۔ مثلاً جس نے ایک ہزار شیئر خریدے ہیں یعنی دس ہزار روپیہ ادا کیا ہے۔ اسے وہ سو سو روپے والی سو رسیدیں دے دے گا۔ (10000 = 100 x 100) تو اس کو دس ہزار کی اکٹھی ایک رسید ملنے کی بجائے سو سو روپے کی سو رسیدیں مل گئیں۔ ان رسیدوں کو کاروباری دنیا میں شیئر کہا جاتا ہے تو گویا اس شخص کو دس ہزار روپے کا حصہ دار ہونے کے ثبوت کے طور پر سو شیئر سرٹیفکیٹ مل گئے۔ اور وہ اس فیکٹری کے ہزار شیئرز کا مالک ہو گیا۔

یہاں یہ بات واضح کرنا ضروری ہے کہ شیئر ہولڈر کو جو شیئر سرٹیفکیٹ ملتے ہیں وہ اس کی اس رقم کا بدل نہیں جو اس نے فیکٹری میں لگائی ہے بلکہ وہ تو رسیدیں ہیں جبکہ اس کا بدل فی الحال کچھ بھی نہیں کہ اس کا سرمایہ ابھی تو اصل حالت میں فیکٹری لگانے والے کے پاس رکھا ہے۔ ایسے سرمائے کو جس کا بدل نہ ہو سیّال یا (Liquid) سرمایہ کہا جاتا ہے۔ جب اس سرمایہ سے فیکٹری لگانے والا کچھ مشینری یا مال وغیرہ خریدے گا تو یہ سرمایہ پھر منجمد سرمایہ یا (Fixed Asset) کہلائے گا۔ یہ وضاحت یہاں اس لئے کر دی گئی کہ آگے چل کر ہم سیال اور منجمد سرمایہ کے حوالہ سے شیئرز کی خرید و فروخت اور ان پر زکوٰۃ کے احکام بیان کریں گے۔

شیئرز کی خرید و فروخت کے طریقے :

کسی مالیاتی ادارہ میں حصہ دار بننے' یا سرمایہ لگانے یا اس کے شیئرز خریدنے کے مختلف طریقے ہیں۔

۱۔ براہ راست خریداری۔

۲۔ کسی حصہ دار سے خریداری۔

۳۔ مارکیٹ سے خریداری۔

۱۔ براہ راست خریداری تو یہ ہے کہ جب کبھی کوئی مالیاتی ادارہ اخبارات میں اعلان کرے کہ وہ اپنے حصص فروخت کرنا چاہتا ہے اور یہ فروخت براہ راست وہ ادارہ خود کرنا چاہتا ہو تو اس ادارہ کے دفتر یا متعلقہ افراد سے براہ راست حصص مل جاتے ہیں۔ چھوٹے کارخانوں یا کاروباری معاملات میں اخبار میں اشتہار بھی نہیں چھپتا بلکہ براہ راست واقفیت کی بناء پر لوگ ایک دوسرے کے ساتھ کاروباری سراکت کر لیتے ہیں ان میں اسٹامپ پیپر پر سرمایہ کی رسید دی جاتی ہے اور شیئر سرٹیفکیٹ نہیں ہوتے۔

بڑے مالیاتی ادارہ یا کاروباری و صنعتی اداروں کے حصص اخبارات میں اعلان کے ذریعہ فروخت کیے جاتے ہیں اور براہ راست وہ ادارہ خود اپنے حصص فروخت کرتا ہے یا کسی بینک کے ذریعہ یہ کام کراتا ہے۔ اس صورت میں لوگ متعلقہ بینک سے فارم حاصل کرتے ہیں اور پر کر کے رقم کیساتھ وہیں جمع کرا کر شیئر سرٹیفکیٹ حاصل کر لیتے ہیں۔

۲۔ دوسرا طریقہ کسی حصہ دار سے شیئر خریدنے کا ہے' جس کا مطلب یہ ہے کہ فرض کیجئے مسٹر احمد نے المدینہ شوگر مل میں اپنا سرمایہ پچاس ہزار روپے لگایا ہوا ہے اور اسے اچانک تیس ہزار روپے کی ضرورت پڑتی ہے جو اسے اور کہیں سے نہیں ملتے تو وہ شوگر مل میں لگائے ہوئے اپنے سرمایہ سے تیس ہزار روپے

واپس لیناچاہتا ہے مگر مل سے یہ رقم اسے اس لئے نہیں مل سکتی کہ وہ رقم مل میں جمع تو ہے نہیں بلکہ چینی بنانے کے کاروبار میں لگی ہوئی ہے' چنانچہ مسٹر احمد کسی ایسے دوست کو تلاش کرتا ہے جو اس کو تیس ہزار روپے دے کر اس سے تیس ہزار روپے کے وہ شیئر سرٹیفکیٹ لے لے جو مل میں لگائے گئے سرمایہ کی وجہ سے مل والوں نے اسے دے رکھے ہیں اس طرح اب مسٹر احمد کی جگہ یہ شیئر خریدنے والا مل میں تیس ہزار روپے کے حصہ کا مالک ہو جائے گا۔ مسٹر احمد کو ایک دوست مسٹر اسد مل گئے اور مسٹر اسد نے تیس ہزار روپے دے کر احمد سے شیئر سرٹیفکیٹ لے لئے تو یہ خریداری حصہ داریا شیئر ہولڈر سے عمل میں آئی۔ اب مسٹر احمد قانونی طریقہ سے تیس ہزار کے شیئر مسٹر اسد کے نام منتقل کرا دیں گے تو مسٹر اسد المدینہ شوگر مل کے تیس ہزار روپے کے شیئر ہولڈر یا حصہ دار ٹھہریں گے۔

۳۔ تیسرا طریقہ مارکیٹ سے خریداری کا ہے۔ مارکیٹ سے مراد وہ مارکیٹ ہے جہاں حصص کا کاروبار ہوتا ہے اور مختلف ادارے اپنے حصص فروخت کے لئے پیش کرتے ہیں جبکہ مختلف خریدار وہاں ان اداروں کے حصص خریدتے ہیں۔ یہ سرمایہ کاری کا جدید انداز ہے کہ مارکیٹ میں حصص کی خرید و فروخت کے ذریعہ سرمایہ کاری کی جائے۔

اس مارکیٹ کو جہاں حصص کا کاروبار ہوتا ہے' اسٹاک مارکیٹ یا اسٹاک ایکس چینج کہا جاتا ہے۔ اس مارکیٹ میں حصص کی خرید و فروخت عموماً کسی ایجنٹ کے ذریعہ ہوتی ہے جسے بروکر کہا جاتا ہے۔ اگرچہ یہاں بھی خرید و فروخت براہ راست ہو سکتی ہے لیکن چونکہ نہ حصص فروخت کرنے والوں کے پاس اتنا وقت ہے کہ وہ خود یہاں آکر حصص کی پیش کش کریں اور نہ خریداروں کے پاس اتنا وقت اس لئے مالیاتی ادارے اپنے ایجنٹوں کے ذریعہ حصص پیش کرتے ہیں اور خریدار اپنے ایجنٹوں کے ذریعہ خریدتے ہیں۔

آج کل کی بڑھتی ہوئی کاروباری بددیانتی اور دھوکہ دہی کی وجہ سے ایک عام آدمی اسٹاک مارکیٹ سے بآسانی صحیح خریداری نہیں کر سکتا اس کے لئے تجربہ اور ہوشیاری کی ضرورت ہے۔ بسااوقات تجربہ کار بروکر بھی مارکیٹ کی صورتحال سے پوری طرح واقف نہ ہونے کی بناء پر مار کھا جاتے ہیں اور کروڑوں روپے برباد کر بیٹھتے ہیں۔

حصص کی اقسام :

مالیاتی کاروباری / صنعتی یا دیگر اداروں کے حصص کی بنیادی طور پر دو قسمیں ہیں۔

۱۔ ابتدائی سطح کے حصص۔

۲۔ دورانی حصص۔

۱۔ ابتدائی حصص سے مراد کسی کاروباری' صنعتی یا مالیاتی ادارے کے وہ حصص ہیں جو کسی نئے ادارے 'کارخانے یا کاروبار کے آغاز کے وقت پیش کئے جاتے ہیں جس کی مثال ہم اوپر شیئرز کی تعریف میں بیان کر آئے ہیں۔

۲۔ دورانی حصص سے مراد وہ حصص ہیں جو کسی چلتے ہوئے کاروبار 'کارخانہ یا مالیاتی ادارہ کے ہوتے ہیں۔ اس کی مثال یوں سمجھ لیجئے کہ ایک کاغذ بنانے والا کارخانہ عرصہ پچاس برس سے کام کر رہا ہے اور اس کے مالکان اب کوئی نیا کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور نئے کام کے لئے سرمایہ حاصل کرنے کے لئے وہ یہ چاہتے ہیں کہ چلتے ہوئے کاروبار میں اوروں کو شریک کر لیا جائے کہ اس کارخانہ کی ساکھ اور اس کے گزشتہ برسوں میں منافع کی شرح کی وجہ سے لوگ بخوشی اس میں اپنا سرمایہ لگانے کو تیار ہو جائیں گے اس طرح اس میں ان مالکان کا لگا ہوا سرمایہ بھی نکل آئے گا اور نئے سرمایہ کار اس کے کچھ حصہ کے مالک / شریک یا حصہ دار بھی بن جائیں گے۔ چنانچہ وہ حساب لگاتے ہیں کہ جب انہوں نے یہ کاروبار شروع کیا تھا تو (فرض کیجئے) اس وقت اس کارخانہ اور کاروبار کی مالیت ایک لاکھ روپے تھی اور گزشتہ پچاس برس میں اس نے اتنی ترقی کی ہے کہ اب

اس کا کاروبار پچاس لاکھ روپے کی مالیت کا ہے۔ چنانچہ وہ پچاس لاکھ روپے کو حصص میں تقسیم کرتے ہیں تو نتیجہ یہ بر آمد ہوتا ہے کہ ایک لاکھ روپے کا اصل سرمایہ اب پچاس لاکھ روپے ہو جانے کے سبب اس کا اس وقت کا دس روپے کا ایک شیئر اب پانچ گنا قیمت کا ہو چکا ہے یعنی ۵۰ روپے کا۔ چنانچہ وہ اعلان کرتے ہیں کہ ہم اپنے حصص فروخت کر رہے ہیں بحساب ۵۰ روپے فی حصہ۔ اس طرح سرمایہ کار یا حصص کا خریدار ۵۰ روپے فی شیئر کے حساب سے اس کارخانے کے شیئر خرید کر اس کے کل کاروبار میں شریک ہو جاتا ہے۔

چونکہ یہ حصص کارخانہ والوں نے ایسے موقع پر فروخت (Float) کئے ہیں جب کاروبار چل رہا ہے (اور خیر سے بہتر پوزیشن میں ہے) تو ہر شخص اعتماد کے ساتھ حصص خرید لیتا ہے اس طرح کے حصص کو ہم دورانی حصص کہہ سکتے ہیں۔ یہ وضاحت بھی اس لئے کی گئی ہے کہ ابتدائی شیئرز اور دورانی شیئرز کی خرید و فروخت کی شرعی حیثیت الگ الگ ہے جو آگے چل کر بیان کی جائے گی۔

شیئرز کی خرید و فروخت میں نیت کا دخل :

شیئرز کی خریداری میں نیت کے دخل سے ان کی خرید و فروخت کی شرعی حیثیت بھی تبدیل ہوتی ہے چنانچہ ہم اسے درج ذیل اقسام میں تقسیم کرتے ہیں۔

۱۔ واقعۃً کاروبار میں شراکت کے لئے خریداری (Partnership)

۲۔ محض منافع بخش سرمایہ کاری کے لئے خریداری (Investment)

۳۔ شیئرز کی تجارت بغرضِ نفع (Capital Gain)

۱۔ پہلی صورت میں شیئر خریدنے والے کا اصل مقصد کسی اچھے کاروباری ادارہ یا صنعتی یونٹ میں شریک ہونا ہوتا ہے اور اس ادارہ یا کمپنی میں ایک شراکت دار کے طور پر شریک ہو کر اس ادارہ یا صنعتی یونٹ کی بھلائی، بہتری اور ترقی کے لئے کام کر کے بہتر تجارت کرنے کی نیت ہوتی ہے۔ گویا شیئر ہولڈر اس کاروبار

میں شراکت دار بننا چاہتا ہے۔ یوں اس کی اس نیت کی بناء پر اس پر شراکت کے شرعی احکام لاگو ہوں گے۔ اور ہم یہ دیکھیں گے کہ وہ کونسی شراکت کر رہا ہے مضاربت والی یا دیگر۔

۲۔ دوسری صورت میں شیئر ہولڈر کی نیت یہ ہوتی ہے کہ اس کا فالتو سرمایہ کسی نفع بخش کاروبار میں Invest ہو جائے اور اسے منافع ملتا رہے۔ اسے اس سے غرض نہیں ہوتی کہ کاروبار کی ترقی کے لئے کن اقدامات کی ضرورت ہے یا کس طرح اس ادارہ کی مزید فلاح و بہبود ممکن ہے' اسے صرف اپنے سرمایہ پر منافع (Dividend) سے غرض ہے' یہی وجہ ہے کہ جب وہ یہ دیکھتا ہے کہ کمپنی یا ادارہ کا منافع مقسمہ گزشتہ برسوں کے مقابلہ میں کم رہا یا کسی اور کمپنی یا ادارہ کا بہت زیادہ رہا ہے تو وہ اپنا سرمایہ اس سے نکال کر (شیئرز فروخت کر کے) کسی دوسری کمپنی میں لگا لیتا ہے۔

۳۔ تیسری صورت میں شیئر ہولڈر کی نیت نہ شراکت کی ہوتی ہے نہ سالانہ منافع کی بناء پر سرمایہ کاری کی' بلکہ وہ صرف مال بڑھانے اور مال بنانے کی غرض سے اپنے سرمایہ کا الٹ پھیر کرتا ہے اور اس غرض سے وہ اسٹاک مارکیٹ پر نظر رکھتا ہے۔ جب وہ دیکھتا ہے کہ اس نے جو شیئر خرید رکھے ہیں ان کی قیمت مارکیٹ میں کچھ زیادہ ہو گئی ہے تو وہ فوراً اپنے شیئرز معمولی نفع پر بھی فروخت کر دیتا ہے اور اگر وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ کسی کمپنی کے شیئرز کی قدر (Value) گرنا شروع ہو گئی ہے اور گر کر بہت معمولی رہ گئی ہے تو وہ اس کمپنی کے شیئرز محض اس لئے خرید لیتا ہے تاکہ جب اس کے شیئرز کی قیمت بڑھے گی تو وہ فروخت کر کے نفع کمائے گا۔ وہ اپنے خریدے ہوئے شیئرز کی بازاری قدر (Market Value) کو بغور جانچتا رہتا ہے اور جہاں کہیں اسے ذرا سی کمی بیشی محسوس ہوتی ہے وہیں وہ خرید و فروخت کا فوری فیصلہ کرتا اور اسے عملی جامہ پہناتا ہے اس طرح کے شیئر ہولڈر کی نیت کسی بھی طرح اپنے سرمایہ کو

بڑھانے کی ہوتی ہے چنانچہ اس کی اس نیت اور اس طرح کے عمل کو الگ سے شریعت کی روشنی میں جانچنے کی ضرورت ہے۔

شیئرز کی جائز یا ناجائز خرید و فروخت :

شیئرز کی خریداری کے جائز یا ناجائز ہونے کے مسئلہ کا جائزہ لینے کے لئے ہم اسے تین صورتوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

۱۔ اصل کے اعتبار سے۔

۲۔ خرید و فروخت کے اعتبار سے۔

۳۔ سرمایہ کے اعتبار سے۔

شیئرز کے کاروبار کی حرمت اصل کے اعتبار سے :

شیئرز کی خرید و فروخت کے جائز یا ناجائز ہونے کا دارومدار اس کاروباری ادارہ' انڈسٹری' یا کمپنی کے کاروبار پر ہے۔ اگر وہ کمپنی' انڈسٹری یا ادارہ کوئی ایسا کاروبار کرنے کے لئے قائم ہوا یا ہو رہا ہے جو شرعاً ممنوع ہے (جیسے شراب کا کارخانہ' یا خنزیر کے گوشت پوست سے بنائی جانے والی مصنوعات کی فیکٹری) تو اس میں سرمایہ کاری کرنا گویا اس ممنوع کاروبار میں شریک ہونا یا اسے سرمایہ فراہم کر کے پروان چڑھانا وغیرہ ہے۔ جو کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی منشاء اور حکم کے خلاف ہے' لہٰذا ایسے کسی ادارے کے شیئرز خریدنا از خود حرام قرار پائے گا۔

اسی طرح کسی ایسے ادارے کے شیئرز خریدنا جو سودی کاروبار کرتا ہو' جیسے بینک' لیزنگ کمپنیاں' انشورنس کمپنیاں وغیرہ۔ تو ان کے شیئرز خریدنا بھی اصل کے اعتبار سے حرام ہے۔ ان اداروں اور کمپنیوں کے شیئرز خریدنا بھی جائز نہیں جو خود تو سودی نہ ہوں مگر سودی کاروبار کے لئے سرمایہ مہیا کرتی ہوں جیسے بعض Investment کمپنیاں۔ کیونکہ سود کا لین دین اور سودی کاروبار کے لئے سرمایہ کی فراہمی سب حرام ہیں۔

بد قسمتی سے جب بھی کوئی نیا بینک قائم ہوتا ہے اور اس کے شیئرز فروخت کے لئے پیش (Float) ہوتے ہیں تو لوگ بڑی گرمجوشی سے یہ شیئر خریدتے ہیں کہ ان میں نفع ہی نفع انہیں نظر آتا ہے نقصان کا اندیشہ محسوس نہیں ہوتا' مگر وہ یہ نہیں سوچتے کہ یہ نفع جو دراصل سودی کاروبار میں سرمایہ کاری کی مدد و معاونت سے ملے گا حرام ہے اور قرآن نے اسے "متاعٌ قلیل" کہا ہے۔ یعنی معمولی فائدہ' اور پھر اس کے انجام سے "ثم ماواہُ جھنم" (پھر اس کا ٹھکانہ جہنم ہے) کہہ کر خبردار کیا ہے تاکہ لوگ انجام و عافیت کی بربادی کے خوف سے اس عارضی اور معمولی فائدہ کے پیچھے بھاگنے سے رک جائیں۔ مگر لوگوں کے طرزِ عمل سے معلوم یہ ہوتا ہے کہ عاقبت و آخرت کی فکر محسوس کرانے والے الفاظ صرف تلاوت کے لئے رہ گئے ہیں عمل کے لئے نہیں۔ (اللہ تعالیٰ ہمیں ہدایت عطا فرمائے)۔

۲۔ شیئرز کے کاروبار کی حرمت خرید و فروخت کے اعتبار سے :

ضروری نہیں کہ تمام کاروباری ادارے حرام کاروبار کر رہے ہوں اور سود سے ان کا کاروبار خالی نہ ہو' جیسے کارخانے' دکانیں' ہوٹل اور دیگر ادارے۔ ایسے کاروباری اداروں کے شیئرز خریدنے کی دو صورتیں ہیں۔

۱۔ ابتدائی شیئرز کی خریداری

۲۔ دورانی شیئرز کی خریداری۔

۱۔ ابتدائی شیئرز کی خریداری :

ابتدائی شیئرز کی وضاحت ہم پہلے کر چکے ہیں' مختصراً یہ کہ ایسی کمپنیوں یا اداروں کے شیئرز جو ان کے قیام کے وقت فروخت کئے جائیں۔

اگر کوئی کمپنی اپنے قیام کے وقت اپنے شیئرز مارکیٹ میں لاتی ہے اور اس کمپنی کا کاروبار اصل کے اعتبار سے حرام نہیں اور نہ وہ کسی حرام کاروبار کی معاونت و مدد کے لئے

قائم ہو رہی ہے تو اس کے ابتدائی شیئرز خریدنا گویا اس کے اصل زر میں حصہ دار بننا ہے جو کہ شرعاً جائز ہے بشرطیکہ یہ شیئرز اصل قیمت پر ہی خریدے اور فروخت کیے جائیں۔ مثلاً سعد الرحمٰن نے پچاس لاکھ روپے کے سرمایہ سے ایک کمپنی قائم کی اور کمپنی کے شیئرز آغاز ہی میں مارکیٹ میں فروخت کے لئے پیش کیے اور ایک شیئر کی قیمت دس روپے رکھی۔ تو اسے دس روپے ہی میں خریدنا اور بیچنا جائز ہے لیکن اگر کوئی اسے بارہ روپے میں خریدے تو یہ ناجائز ہے۔ کیوں؟

اس لئے کہ کمپنی نے ابھی کوئی کاروبار نہیں کیا' نہ مال خریدا نہ مشینری خریدی' تو اس کے پچاس لاکھ روپے کے کل شیئر (بحساب دس روپے فی شیئر) پچاس ہزار ہوں گے۔ اب اگر ایک شخص ایک ہزار شیئر خریدتا ہے تو ان کی مالیت دس ہزار روپے ہوئی۔ گویا ایک ہزار شیئر خرید کر وہ کمپنی کے کل سرمایہ میں سے دس ہزار کا مالک ہو گیا۔ لیکن اگر وہ یہ شیئر بارہ روپے میں خریدے تو اسے شیئر تو ایک ہزار ملیں گے جبکہ رقم وہ بارہ ہزار جمع کرائے گا۔ دس ہزار کے بدلے تو وہ کمپنی کے دس ہزار روپے (سرمایہ) کا مالک ہو گیا' دو ہزار میں اسے کیا ملا؟

اس دو ہزار کے مقابل چونکہ کوئی چیز اسے نہیں مل رہی اس لئے یہ خرید و فروخت ناجائز ہے' کیونکہ یہ تو ایسا ہی ہے کہ جیسے ایک شخص دس ہزار روپے کے ہزار ہزار والے دس نوٹ بارہ ہزار میں خریدے' کیا کوئی ایسا کر سکتا ہے؟ یقیناً کوئی نہیں چاہے گا کہ وہ بارہ ہزار دے کر ہزار ہزار والے صرف دس نوٹ لے لے۔ اور اگر کوئی ایسا بفرض محال کر بھی لے تو شرعی اعتبار سے اس کا یہ عمل باوجود اس کی رضا و رغبت کے جائز نہیں کہ اس میں یکطرفہ نقصان (One Party Loss) بھی موجود ہے اور دوسری طرف سود بھی کہ ہزار ہزار کے دس نوٹ دینے والا دس ہزار کی مالیت کے نوٹ بارہ ہزار میں فروخت کر رہا ہے جو کہ شرعی اعتبار سے جائز نہیں۔ اسی طرح ایسے شیئرز جو ابتدائی ہوں نقصان پر بھی خریدے بیچے نہیں جا سکتے۔

۲۔ دورانی شیئرز کی خریداری :

دورانی شیئرز سے مراد جیسا کہ ہم پہلے کہہ چکے ہیں ایسے شیئرز ہیں جو کمپنی کے قیام اور اس کے کاروبار شروع ہو جانے کے بعد کسی بھی وقت بازار میں فروخت کے لئے پیش ہوں یا خریدے جائیں۔ان شیئرز کی خریداری (بشرطیکہ کمپنی ناجائز و حرام کاروبار نہ کر رہی ہو اور نہ اس میں حرام کا سرمایہ شامل ہو) درمیانی مدت میں بعض شرائط کے ساتھ جائز ہے۔

ا۔ کمپنی کا سرمایہ کاروبار میں لگ چکا ہو اگرچہ اس کا کچھ حصہ ابھی کیش کی صورت میں موجود ہو۔یعنی کمپنی نے اپنے سرمایہ سے مشینری یا مال خرید لیا ہو تو اس کے شیئرز کمی بیشی کے ساتھ بھی خریدنا جائز ہیں مثلاً کمپنی کا ایک شیئر دس روپے کا ہے اور شیئرز سے حاصل شدہ رقم کمپنی کے پاس ایک لاکھ روپے ہے۔ کمپنی نے اس ایک لاکھ روپے کو کاروبار میں اس طرح لگایا ہے کہ کچھ رقم سے مشینری خریدی ہے' کچھ سے عمارت حاصل کی یا بنائی ہے' کچھ سے مال خریدا یا تیار کیا ہے کچھ کمپنی کے اکاؤنٹ میں نقد موجود ہے اور کچھ اس نے جو مال لوگوں کو بنا کر دیا ہے اس کی وصولی کرنی ہے تو شیئر خریدنے والا شخص ان مذکورہ بالا تمام معاملات میں شریک ہے اگرچہ اس کی رقم کا بہت معمولی سا حصہ ان میں سے ہر معاملہ میں شامل ہو۔مزید وضاحت کے لئے ہم اسے یوں لکھ سکتے ہیں۔

کاروباری ادارہ یا کمپنی کا کل سرمایہ	=/۱۰۰۰۰۰	روپے
عمارت کی خریداری پر خرچ کئے	=/۴۰۰۰۰	روپے
مشینری کی خریداری پر خرچ کئے	=/۲۰۰۰۰	روپے
مال تیار کرنے پر لگائے	=/۲۰۰۰۰	روپے
مال خریداروں کو دیا (جس کی رقم ابھی نہیں ملی)	=/۱۰۰۰۰	روپے منافع شامل نہیں
کمپنی کے پاس نقد رقم اکاؤنٹ میں موجود ہے	=/۱۰۰۰۰	روپے
کل	=/۱۰۰۰۰۰	روپے

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ کمپنی یا اس مالی ادار کا سرمایہ پانچ حصوں میں تقسیم ہو چکا ہے' چنانچہ اس سرمایہ میں موجود ہر شیئر ہولڈر کے سرمایہ کو بھی ان پانچ حصوں میں تقسیم شدہ ماننا ہوگا' جس کا مطلب ہے کہ اگر احمد نے اس ادارہ یا کمپنی کے شیئرز خرید رکھے ہیں تو اس کا ہر شیئر اسی شرح سے پانچ حصوں میں تقسیم ہے جسے ہم واضح کرنے کے لئے اس طرح ظاہر کر سکتے ہیں۔

احمد کے ایک شیئر کی قیمت	۱۰	روپے
عمارت کی خریداری میں حصہ	۴	روپے
مشینری کی خریداری میں حصہ	۲	روپے
مال کی تیاری میں حصہ	۲	روپے
خریداروں کو دیئے گئے مال میں حصہ	۱	روپے
کمپنی کے اکاؤنٹ میں حصہ	۱	روپے
کل	۱۰	روپے

اب اگر احمد اپنا شیئر پندرہ روپے میں فروخت کرنا چاہے تو کر سکتا ہے اور ایسا کرنا شرعاً جائز ہوگا کیونکہ وہ منافع کے ساتھ اشیاء کی فروخت کر سکتا ہے۔ اس شیئر کے معاملہ میں منافع کے قابل (Profitable) اشیاء کو درج ذیل جدول سے سمجھا جا سکتا ہے۔

عمارت کی خریداری میں احمد کے شیئر میں سے حصہ تھا	۴	روپے
مشینری کی خریداری میں احمد کے شیئر میں سے حصہ تھا	۲	روپے
مال کی تیاری میں احمد کے شیئر میں سے حصہ تھا	۲	روپے
خریداروں سے ملنے والی رقم میں احمد کے شیئر میں سے حصہ تھا	۱	روپے
کمپنی کے اکاؤنٹ میں رکھے نقد سرمایہ میں احمد کے شیئر میں سے حصہ تھا	۱	روپے
کل	۱۰	روپے

احمد نے نقد سرمایہ والا ایک روپیہ فروخت کیا	۱	روپے
خریداروں سے ملنے والا ایک روپیہ فروخت کیا	۱	روپے
عمارت' مشینری اور مال اس نے منافع پر فروخت کیا	۱۳	روپے
کل	۱۵	روپے

اس طرح احمد نے وہ اثاثے جن کو منافع کے ساتھ فروخت کیا جا سکتا ہے انہی پر منافع لیا ہے' نہ نقد والے ایک روپے پر اور نہ خریداروں کے ذمہ واجب الادا ایک روپیہ قرض پر۔ اس لئے یہ شیئر منافع کے ساتھ اس طرح فروخت کرنا جائز ہے۔ ہاں اگر وہ نقد سرمایہ کو یا قرض والے سرمایہ کو منافع پر فروخت کرتا تو چونکہ سرمایہ پر منافع لینا جائز نہیں (جبکہ مال پر منافع لینا جائز ہے) تو اس کا یہ سودا ناجائز ہوتا۔

شیئرز کی قیمت کس طرح بڑھتی ہے؟

ہم یہ دیکھتے ہیں کہ بعض کمپنیاں آغاز کے وقت اپنا شیئر دس روپے کا فروخت کرتی ہیں مگر کچھ عرصہ میں ان کے شیئر کی قیمت ۵۰ روپے سے بھی زائد تک جا پہنچتی ہے' اس سے یہ سوال ذہنوں میں پیدا ہو سکتا ہے کہ دس روپے کا شیئر چالیس روپے یا اس سے بھی زیادہ منافع پر فروخت کرنا کس طرح جائز ہے جبکہ تجارت میں منافع ایک جائز حد تک ہی لیا جا سکتا ہے۔ یہ بات سمجھنے کے لئے ہم ایک مثال پیش کرتے ہیں۔

شہباز برادرز نے گھی کا ایک کارخانہ لگایا جس کی ابتدائی مالیت ایک لاکھ روپے تھی اور اس کا شیئر دس روپے کا تھا۔ کچھ عرصہ میں کارخانہ نے ترقی کی اور اس کا سرمایہ بڑھ کر تین لاکھ روپے ہو گیا' چنانچہ اب اس کے ایک شیئر کی قیمت تین گنا یعنی تیس روپے ہو گئی۔ اب اگر شہباز برادرز کا کوئی شیئر ہولڈر اپنا شیئر بازار میں فروخت کرنا چاہے تو اسے کارخانہ کی بیلنس شیٹ سے یہ چیک کرنا ہو گا کہ مختلف اثاثوں کی قیمتیں کہاں تک پہنچ گئی ہیں۔ فرض کیجئے اثاثوں کی قیمتیں اس طرح ہیں۔

عمارت کی کل قیمت	۴۰۰۰۰	روپے	ایک شیئر میں عمارت کی قیمت کے مقابل رقم	۴	روپے
مشینری کی کل قیمت	۲۰۰۰۰	روپے	ایک شیئر میں مشینری کی قیمت کے مقابل رقم	۲	روپے
مال کی تیاری پر کل قیمت	۲۰۰۰۰	روپے	ایک شیئر میں مال کا حصہ	۲	روپے
خریداروں کے ذمہ کل قرضہ	۱۰۰۰۰۰	روپے	ایک شیئر میں خریداروں کے ذمہ قرضہ	۱۰	روپے
نقد اکاؤنٹ میں کل	۱۲۰۰۰۰	روپے	ایک شیئر میں نقد حصہ	۱۲	روپے
کل	۳۰۰۰۰۰	روپے	کل	۳۰	روپے

چنانچہ ہر شیئر ہولڈر کے شیئر کی موجودہ قیمت تیس روپے ہے جس میں نقد حصہ ۱۲ روپے سے زائد میں اور قرض والا حصہ ۱۰ روپے سے زائد میں فروخت نہیں جا سکتا ہاں البتہ بقیہ ۸ روپے پر منافع لیا جا سکتا ہے۔ اس لئے اگر شیئر ہولڈر منافع لے کر تیس کی بجائے پینتیس میں فروخت کرے تو جائز ہے لیکن اگر وہ اپنے شیئرز ۲۳ روپے سے کم میں فروخت کرنا چاہے تو یہ جائز نہیں کیوں ؟

اس لئے کہ کمپنی کے نقد سرمایہ میں اس کے ہر شیئر کے مقابل ۱۲ روپے ہیں۔ کمپنی کے لوگوں کے ذمہ واجب الادا قرضوں میں اس کے شیئر کے مقابل ۱۰ روپے ہیں' اور کمپنی کے منجمد اثاثوں میں اس کے ہر شیئر کے مقابل کم از کم ۸ روپے ہیں۔ اگر وہ منجمد اثاثوں میں اپنے ہر شیئر کے مقابل ۸ روپے کا حصہ ایک روپے میں فروخت کرے تو نقصان پر اسے ایک روپے میں فروخت کر سکتا ہے مگر کیش / نقد ۱۰ روپوں کو ۹ روپے میں یا واجب الادا قرضوں کے مقابل ۱۲ روپوں کو ۱۱ روپے میں فروخت نہیں کر سکتا کہ شرعاً ایسی فروخت جائز نہیں جس میں کوئی کسی کو نقد ۱۲ روپے دے کر ۱۱ وصول کرے یا دس روپے نقد کے بدلے ۹ وصول کرے۔

چنانچہ شیئر ہولڈر مندرجہ بالا صورت کے مطابق اپنا شیئر ۲۳ روپے سے کم میں فروخت نہیں کر سکتا اس سے زائد میں فروخت کر سکتا ہے۔

ہر شیئر منافع میں بیچنا جائز نہیں :

اب تک کی گفتگو اور بحث سے قارئین یہ بات تو سمجھ چکے ہوں گے کہ شیئر دراصل اس حصہ کا نام ہے جو سرمایہ کی شکل میں کسی کمپنی یا مالی ادارہ میں شیئر ہولڈر لگاتا ہے 'شیئر سرٹیفکیٹ کا نام شیئر نہیں اور نہ شیئرز خرید و فروخت کے قابل کوئی چیز ہیں بلکہ یہ تو اداشدہ سرمایہ کی رسیدیں ہیں۔ اب ہم یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ہر شیئر ہولڈر اپنے شیئرز کی خرید و فروخت کر سکتا ہے مگر ہر شیئر پر منافع لے کر اسے بیچنا بسااوقات جائز نہیں ہوتا اس لئے شیئر کا کاروبار کرنے والے شخص کو یہ بات اچھی طرح سوچ لینی چاہئے کہ وہ جن شیئرز کا کاروبار کر رہا ہے ان پر اس کے لئے منافع لینا جائز بھی ہے یا نہیں۔ اب ہم مثال کے طور پر ایک ایسی صورت بیان کرتے ہیں جس میں منافع پر شیئر بیچنا جائز نہیں۔

مثال : شیخ زائد بن سلطان نے ایک نیا بینک قائم کرنے کا اعلان کیا اور اس کے شیئرز مارکیٹ میں پیش (Float) کیے۔ ایک شیئر کی قیمت ان کی طرف سے دس روپے رکھی گئی۔ مگر شیخ زاید کی مالی ساکھ اور قائم ہونے والے بینک کے بارے میں پہلے سے ہی اس خیال نے کہ یہ بینک بڑا منافع بخش ہوگا۔ مارکیٹ میں ان شیئرز کی مانگ اور قدر Value میں اضافہ کر دیا اور ایک ایک شیئر لوگوں نے سو سو روپے میں خریدا۔ حالانکہ ابھی بینک نہ وجود میں آیا۔ نہ اس کے اثاثے خریدے گئے اور نہ ہی کوئی کاروبار اس بینک کا ہوا۔ اب سوال یہ ہے کہ جن لوگوں نے دس روپے کا شیئر سو روپے میں خریدا انہیں اس دس روپے کے بدلے تو بینک میں دس روپے کا حصہ ملے گا۔ جبکہ باقی ۹۰ روپے کے عوض انہیں کیا ملے گا؟ کچھ بھی نہیں۔ چنانچہ ایسی کسی خرید و فروخت کو جس میں ایک طرف تو سرمایہ ہو اور دوسری جانب سے سرمایہ کے مقابل کچھ بھی ہاتھ نہ آئے اسلام نے باطل قرار دیا ہے۔

لہٰذا شیئرز کا کاروبار کرنے والوں کو اس قسم کی خرید و فروخت سے جو منافع حاصل ہو گا وہ جائز نہیں بلکہ حرام ہے اور حرام ہونے کی دلیل وہی آیت ہے۔ "وَاَحَلَّ اللّٰہُ الْبَیْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰو" (البقرہ : ۲۷۵) اور ربٰو یا سود جس کو اللہ نے حرام قرار دیا ہے وہ یہی ہے کہ روپے کو زائد قیمت پر فروخت کرنا روپے کی زائد قیمت لینا۔ جیسا کہ حدیث شریف میں اس کی وضاحت ہے۔

> حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : "ایک دینار کو دو دیناروں کے بدلے میں اور ایک درم کو دو درہموں کے بدلے میں مت فروخت کرو۔" (صحیح مسلم' باب الربا' حدیث : ۳۹۴۶)

مذکورہ بالا مثال میں دس روپے کے شیئرز کو سو روپے میں فروخت کیا گیا جبکہ شرعی اعتبار سے ایک روپیہ کی قیمت ایک روپیہ ہی ہے اسے ۹ روپے زائد پر فرخت نہیں کیا جا سکتا' اب جب دس روپے کا شیئر سو روپے میں فروخت ہوا اور شیئرز ابھی تک نقد (Liquid) شکل میں ہیں ان سے کوئی اثاثے نہیں خریدے گئے تو گویا ایک روپیہ دس روپے میں فروخت ہوا اور یہی سود اور حرام ہے کہ کوئی نقد رقم کو کمی بیشی میں بیچے یا خریدے۔ ہاں اگر ان روپوں سے مال خرید لیا جاتا اور مال کو کمی بیشی (نفع نقصان) پر بیچا جاتا تو جائز تھا۔ کیوں کہ مال کی خرید و فروخت نفع نقصان پر تجارت (بیع) کہلاتی ہے جبکہ ایک ہی کرنسی کی خرید و فروخت نفع نقصان پر تجارت نہیں سود ہے۔ اسی کو اللہ تعالیٰ نے "وَاَحَلَّ اللّٰہُ الْبَیْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰو" کے الفاظ سے تعبیر کیا ہے کہ "اللہ نے تجارت حلال کی ہے اور سود کو حرام قرار دیا ہے۔"

ایک اعتراض :

یہاں ایک اعتراض اکثر لوگ کیا کرتے ہیں کہ یہ کیا بات ہوئی کہ مال کو نفع نقصان پر بیچنا تو جائز ہے مگر کرنسی کو کیوں ناجائز ہے؟ اس کے جواب کے لئے ہم جسٹس پیر محمد کرم شاہ صاحب کی تفسیر ضیاء القرآن سے ایک اقتباس پیش کرتے ہیں

امید ہے کہ اس سے تسلی بخش جواب مل جائے گا۔ جسٹس صاحب لکھتے ہیں :

سود کے جواز کے لئے جو دلیل آج پیش کی جاتی ہے بعینہ یہی استدلال چودہ صدیاں پیشتر غیر متمدن عرب کے سود خور پیش کیا کرتے تھے۔ یعنی جب دوسری اجناس کے لین دین میں نفع حاصل کرنا درست ہے تو روپیہ جو ایک جنس ہی ہے اس کے لین دین میں اگر نفع لیا جائے تو اسے حرام کیوں قرار دیا جائے۔ اس کا جواب قرآنِ حکیم نے یہ دیا کہ دونوں میں بڑا فرق ہے بیع کو اللہ تعالیٰ نے اس کے فوائد کی وجہ سے حلال کر دیا ہے اور سود کو اس کے نقصانات کی وجہ سے حرام کیا ہے۔ اس لئے ان دو چیزوں کو یکساں کیسے تصور کیا جا سکتا ہے۔ سود کی حرمت کے متعلق بہت کچھ لکھا جا چکا ہے لیکن جو فاضلانہ بحث حجۃ الاسلام الامام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے کی ہے اس کا جواب نہیں۔ بحث کی اہمیت کا تقاضا تو یہ ہے کہ غزالی کے کلام کا پورا ترجمہ نقل کیا جائے لیکن مقام کی تنگ دامانی اس کی متحمل نہیں۔ اس لئے نہایت اختصار سے اس بحث کا ماحصل ہدیۂ قارئین ہے۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں :

> فرض کرو تمہارے پاس زعفران ہے اور ایک دوسرے شخص کے پاس اونٹ ہے۔ تم اونٹ لینا چاہتے ہو لیکن اونٹ والے کو زعفران کی ضرورت نہیں۔ اب تم اونٹ کیونکر حاصل کر سکتے ہو۔ یا تمہارے پاس کپڑے ہیں اور دوسرے شخص کے پاس کھانا ہے۔ تمہیں بھوک لگی ہے تمہیں کھانا چاہئے لیکن کھانے والے کو کپڑوں کی ضرورت نہیں۔ اب تم کھانا کیونکر خریدو گے۔ اس لئے قدرت نے ایک ایسی جنس (سونا چاندی) کی تخلیق فرمادی جس کے ذریعہ ہر شخص اپنی ضرورت کی چیز خرید سکے۔ اگر آپ ذرا سا تامل فرمائیں تو آپ کو پتہ چل جائے گا کہ سونے چاندی کی تخلیق اس حکیم و دانا رب نے اسی مقصد کے لئے فرمائی ہے اور ان کا اور کوئی فائدہ نہیں۔ ایک تو یہ کمیاب ہیں دوسرا ان میں وہ صلابت اور سختی نہیں جو لوہے اور تانبہ وغیرہ میں ہے تاکہ ان کی جگہ استعمال ہو

سکیں۔اب اگر روپیہ پر سود لینے کی اجازت دی جائے تو روپیہ پھر صرف تبادلۂ اشیاء کا ذریعہ نہیں رہے گا بلکہ اس کی اپنی ذات کا سبب اور نفع خیز بن جائے گی اور لوگ دوسرے سامانِ تجارت کی طرح اس کی ذخیرہ اندوزی شروع کر دیں گے جس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ بازار میں سے یہ غائب ہوتا چلا جائے گا اور جب روپیہ بازار سے غائب ہونا شروع ہو گیا تو صنعتی ترقی رک جائے گی تجارتی سرگرمی ختم ہو جائے گی اور دوسری اشیاء کی قیمتوں میں وہ اتار چڑھاؤ شروع ہو گا جس سے سارا اقتصادی نظام درہم برہم ہو جائے گا۔ شریعت اسلامیہ نے ان مفاسد کے سدباب کے لئے سود کو حرام کر دیا۔
(اختصار کلامِ غزالیؒ)

افلاطون نے بھی اپنی کتاب ''السیاسۃ'' میں یہی لکھا ہے کہ روپیہ کڑک مرغی ہے جو انڈے نہیں دیتی۔

سود کی حرمت کی حقیقی وجہ سمجھ لینے کے بعد اب ہمیں یہ بھی سمجھنا ہے کہ تجارت اور سود میں کیا فرق ہے جس کی طرف قرآن نے اشارہ فرمایا ہے۔ یہ بالکل واضح فرق ہے کہ تجارت میں انسان روپیہ لگاتا ہے۔ پھر محنت کرتا ہے۔ اپنی ساری ذہنی قابلیتیں صرف کرتا ہے اور وقت خرچ کرتا ہے۔ اس کے باوجود نفع یقینی نہیں۔ اسے نفع بھی ہو سکتا ہے اور نقصان بھی لیکن سود خور جو صرف اپنا فالتو روپیہ دیتا ہے۔ نہ وقت، نہ محنت نہ کاوش! وہ یقینی نفع کا خواستگار کیوں ہو۔ اسلام نے سرمایہ دار کیلئے دو ہی راستے تجویز کیے ہیں یا تو اپنے بھائی کو اپنا زائد از ضرورت روپیہ بطور قرض حسنہ دے ورنہ کاروبار میں شریک ہو جائے اور نفع و نقصان میں حصہ دار بنے۔ اس کیلئے تیسرا کوئی راستہ نہیں۔
(تفسیر ضیاء القرآن، جلد اول، ص ۱۹۴ / ۱۹۵)

مندرجہ بالا مثال اور تفسیر کے اقتباس سے یہ بات واضح ہو گئی کہ ہر شیئر کو منافع پر یا نقصان پر فروخت کرنا جائز نہیں۔ اس لئے شیئرز کے کاروبار میں یہ احتیاط ضروری ہے کہ شیئرز خریدتے اور بیچتے وقت اس بات کا اطمینان کر لیا جائے کہ جس کمپنی کے شیئرز کی خرید و فروخت مطلوب ہے اس کے منجمد اثاثے (Fixed Assets) بھی ہیں یا نہیں، کیونکہ کاروبار تو آدمی اثاثوں میں یا مال میں یا عمارت میں یا مشینری میں کرے گا اور اگر یہ چیزیں سرے سے نہیں ہیں صرف پیسہ ہی پیسہ ہے تو ایسی صورت میں شیئرز اصل قیمت (Face Value) پر تو خریدے یا بیچے جا سکتے ہیں اس سے کم یا زیادہ پر نہیں کہ سامان پر منافع لینا جائز ہے پیسے پر منافع لینا جائز نہیں بلکہ سود ہے۔

شیئرز کا مالک بننے سے پہلے ان کی فروخت:

شیئرز کے کاروبار میں ایک اہم مسئلہ شیئرز کی ملکیت کا ہے۔ اسٹاک مارکیٹ میں شیئرز کے سودوں میں عموماً یہ ہوتا ہے کہ شیئرز کی خریداری ہو جانے کے ساتھ ہی منتقلی یا ٹرانسفر کا عمل مکمل نہیں ہوتا بلکہ اس میں عام طور پر ہفتہ دس دن لگ جاتے ہیں۔ ایسے شیئرز جن کی ملکیت ابھی خریدار کے نام منتقل نہ ہوئی ہو کیا ان کا آگے کسی دوسرے کو فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس بات کا جائزہ لینے کے لئے ہمیں یہ دیکھنا ہو گا کہ ملکیت کی منتقلی کیسے ہوتی ہے، اس کی کئی صورتیں ہیں، ایک تو یہ کہ ہم نے ایک چیز خریدی اور اس کی قیمت ادا کر کے وہ چیز فوراً ہی بیچنے والے سے لے لی جیسے فرض کریں فرنیچر، برتن، کتابیں یا دیگر سامان، جو ہم اکثر خریدتے رہتے ہیں، اس کی قیمت کی ادائیگی اور اس سامان پر قبضہ سے خریدار کی ملکیت ثابت ہو جاتی ہے۔

دوسری صورت یہ ہوتی ہے کہ چیز ہم خرید لیتے ہیں قیمت بھی ادا کر دیتے ہیں مگر قبضہ فوراً نہیں ملتا جیسے کسی کنسٹرکشن کمپنی کے ذریعہ یا بلڈرز کے ذریعہ مکان یا فلیٹ بک کرانا۔ ایسی صورت میں اگرچہ قبضہ فوراً نہیں ملتا تاہم ملکیت کے کاغذات (Allot-ment Orders) وغیرہ مل جاتے ہیں اور قبضہ بعد میں مل جاتا ہے۔

تیسری صورت یہ ہوتی ہے کہ مکان یا گاڑی جب ہم خریدتے ہیں تو قیمت کی ادائیگی کے ساتھ ہی مکان کا قبضہ ہمیں حاصل ہو جاتا ہے۔ گاڑی بھی ہم گھر لے آتے ہیں اور عملاً ہم ان کے مالک ہوتے ہیں۔ مگر قانونی ملکیت ابھی ہمیں حاصل نہیں ہوئی ہوتی کیونکہ اس کے لئے ہمیں بعض رسمی کارروائیاں مکمل کرنی ہوتی ہیں اور کسی مخصوص دفتر یا ادارہ کے توسط سے مکان یا گاڑی ہمارے نام منتقل (ٹرانسفر) ہوتے ہیں۔ اس تیسری صورت میں اگر ہم مکان یا گاڑی کے اپنے نام منتقل کرانے سے قبل ہی اسے آگے کسی اور کو فروخت کر دیں تو اس میں شرعی لحاظ سے کوئی قباحت نہیں۔

اسی طرح شیئرز کا معاملہ ہے کہ شیئرز کی خریداری میں رقم ادا کرنے کے باوجود فوری طور پر ہمیں کوئی چیز ایسی نہیں ملتی جو ہمارے سرمایہ کے مقابل ہمارے قبضہ میں آ رہی ہو۔ منتقلی کے کاغذات بھی ہفتہ عشرہ بعد ملتے ہیں۔ فوری طور پر اگر کسی کو رقم ادا کر کے شیئر سرٹیفکیٹ مل بھی جائیں تو وہ یا تو کسی اور کے نام ہوں گے یا اس کے نام جس سے خریدے ہیں یا ممکن ہے اس سے پہلے والے خریدار کے نام۔ کیونکہ شیئرز کے کاروبار میں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ شیئرز ابھی کسی کے نام منتقل نہیں ہوتے کہ دسیوں جگہ بک بھی جاتے ہیں۔ ایسی صورت یعنی ملکیت کی باقاعدہ منتقلی (Transfer) کے بغیر ان کا کسی اور کے ہاتھ فروخت کر دینا قابلِ غور ہے کیونکہ شیئرز سرٹیفکیٹ بذاتِ خود شیئرز نہیں بلکہ جیسا ہم پہلے واضح کر چکے ہیں کہ یہ محض ان شیئرز کی رسیدیں ہیں جن کی خرید و فروخت کوئی معنی نہیں رکھتی۔ اصل شیئر یا حصہ جو کمپنی میں ہے اس پر ہم قبضہ نہیں کر سکتے کہ یہ عملاً ناممکن ہے۔ مثلاً کسی شخص نے ایئر لائن میں سرمایہ لگایا۔ ایئر لائن کے شیئر خریدے تو اگر یہ خریدار ایئر لائن کے دفتر جا کر مطالبہ کرے کہ اس کی رقم کے لحاظ سے ایئر لائن کا سامان اس کے قبضہ میں دیا جائے تو ایسا ناممکن ہے۔ چنانچہ یہ قبضہ حسی طور پر (Physical Possession) نہیں ہو سکتا۔ ہاں حکمی (Constructive)

ہو سکتا ہے۔اور شرعی اعتبار سے اگر کوئی چیز حسی طور پر قبضہ میں نہ آئے لیکن حکمی طور پر قبضہ میں اس طرح آجائے کہ اس کی ذمہ داریاں (Liabilities) خریدار کے رسک (ضمان) پر ہوں تو اس صورت میں اسے آگے فروخت کرنے کا حق اسی کو حاصل ہو جاتا ہے۔

اس طرح ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ شیئرز کی منتقلی یا ان کی ملکیت حاصل ہونے سے پہلے بھی ان کا بیچنا جائز ہے۔ مگر زیادہ بہتر اور محتاط طریقہ یہی ہے کہ شیئرز ٹرانسفر ہو جائیں ملکیت کا معاملہ واضح طور پر طے ہو جائے جبھی انہیں فروخت کیا جائے تاکہ کسی فریق کو اس میں کسی قسم کا نقصان پہنچنے کا اندیشہ باقی نہ رہے۔

پروویژنل لسٹڈ کمپنیوں کے شیئرز کا کاروبار :

بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کوئی کمپنی ابھی تک باقاعدہ قائم نہیں ہوئی ہوتی بلکہ محض ایک پلان یا اسکیم کمپنی کے قیام کی زیر غور ہوتی ہے عملاً ابھی اس کا کوئی وجود نہیں ہوتا مگر کمپنی قائم کرنے کے خواہش مند اسے اسٹاک مارکیٹ میں پیش (Float) کر دیتے ہیں اور اس کے شیئرز دھڑا دھڑ بکنے لگتے ہیں۔ایسی کمپنیوں کے شیئرز کی خرید و فروخت کا معاملہ ویسا ہی ہے جیسا کہ ہم نے اوپر "ہر شیئر منافع میں بیچنا جائز نہیں" کے عنوان کے تحت ایک بینک کی مثال دے کر بیان کیا۔ پروویژنل لسٹڈ کمپنیوں کے شیئرز منجمد اثاثوں کی غیر موجودگی کے باعث محض نقدی کے حصے ہیں اور نقدی کے حصوں کو نفع نقصان کی بناء پر فروخت کرنا جائز نہیں اس کی تفصیلات بھی ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔

شیئرز میں بدلے کا تصور :

شیئرز کا کاروبار کرنے والوں کی دنیا ہی الگ ہے۔ کبھی اسٹاک مارکیٹ جانا ہو تو دیکھیے کہ ان کے رموز و اشارات کوئی عام آدمی نہیں سمجھ سکتا۔ ان کی اصطلاحات بھی عجیب و غریب ہیں اور کاروبار کے عنوانات بھی مختلف۔ انہی میں سے ایک عنوان "بدلہ کا

سودا ہے" اس میں معاملہ کچھ اس طرح ہوتا ہے کہ ایک شخص اپنے شیئرز کسی دوسرے کے ہاتھ اس شرط پر فروخت کر دیتا ہے کہ جس قیمت پر وہ دے رہا ہے اس سے زائد قیمت پر وہ شیئرز چند دنوں بعد (جن کی میعاد متعین ہوتی ہے) لے لے گا اور یہ شرط عائد کرتا ہے کہ خریدار یہ شیئرز کسی اور کو فروخت نہیں کرے گا۔ ایسا کیوں کیا جاتا ہے عموماً اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ بیچنے والا دراصل اپنے شیئرز فروخت نہیں کرنا چاہتا مگر اسے رقم کی اشد ضرورت بھی ہے چنانچہ وہ اس طرح اپنے شیئرز کسی دوسرے کے پاس اس شرط کے ساتھ رکھوا کر رقم حاصل کر لیتا ہے۔ اسے درج ذیل مثال سے سمجھا جاسکتا ہے۔

وقار کے پاس مختلف کمپنیوں کے شیئرز ہیں' اسے اچانک دس لاکھ روپے کی ضرورت پڑی مگر وہ اپنے شیئرز فروخت نہیں کرنا چاہتا کہ اس کے شیئرز کی قدر Value بہت زیادہ ہے۔ چنانچہ وہ اپنے دوست نثار سے کہتا ہے کہ آپ مجھے دس لاکھ روپے ان شیئرز کے عوض دے دیں مگر آپ ان شیئرز کے حقیقی مالک نہیں ہوں گے نہ آگے کسی اور کو فروخت کریں گے 'بلکہ میں دس روز کے اندر اندر یہ شیئرز آپ سے دس لاکھ پچاس ہزار روپے میں خرید لوں گا۔ اس طرح نثار' وقار کو دس لاکھ روپے دے دیتا ہے اور اس سے شیئر سرٹیفکیٹ لے کر رکھ لیتا ہے۔ وقار مدتِ مقررہ کے اندر اندر دس لاکھ پچاس ہزار روپے نثار کو ادا کر کے اس سے اپنے شیئر سرٹیفکیٹ واپس لے لیتا ہے۔

شرعی اعتبار سے یہ خرید و فروخت جائز نہیں کیونکہ اس میں دراصل خرید و فروخت کی نیت ہی نہیں بلکہ ضمانت کے طور پر اپنے شیئر سرٹیفکیٹ دوسرے کے پاس رکھوا کر اور زائد رقم کا لالچ دے کر اس سے وقتی ضرورت پوری کرنے کے لئے فوری طور پر نقد رقم حاصل کرنا مقصود ہے۔ اس طرح مال کی خریداری یا حصص کی منتقلی عمل میں نہیں آتی بلکہ محض ایک بناوٹی شکل سودے کی بنتی ہے۔ اس طرح کے معاملہ میں چونکہ ایک ایسی شرط رکھی جاتی ہے (کہ شیئرز کسی دوسرے کو نہیں بیچے جائیں گے) جو اسلامی اصولِ تجارت کے خلاف ہے اس لئے (بدلے کا) یہ کاروبار جائز نہیں۔ بلکہ اس میں سود کی ایک شکل پائی جاتی ہے کہ دس لاکھ روپے مالیت کے شیئر سرٹیفکیٹ

ضمانت کے طور پر گروی رکھ کر ادھار رقم دس لاکھ روپے پر پچاس ہزار روپے کا سود (اس مدت کے بدلہ کے طور پر) ادا کیا جو کہ دینے والے کے لئے دینا ناجائز اور لینے والے کے لئے لینا حرام ہے۔

سود پر قرض لے کر کام کرنے والی کمپنیاں :

بعض کمپنیاں ایسی ہوتی ہیں کہ جن کا اصل سرمایہ سودی نہیں ہوتا اور نہ ان کا کاروبار حرام نوعیت کا ہوتا ہے مگر وہ اپنے سرمائے کو بڑھاتے رہنے کی خاطر بینک سے سودی قرضے لیتی ہیں اور بینکوں میں اپنے جمع شدہ سرمائے پر سود بھی وصول کرتی ہیں۔ گویا ان کے سود سے پاک کاروبار میں ایک دوسرے راستہ سے سود شامل ہو جاتا ہے' ان کے شیئرز خریدنے کا مطلب اس سارے سرمائے اور کاروبار میں حصہ دار بننا ہے جس میں سود شامل ہے اگرچہ اس کا تناسب بہت کم ہے لیکن حرام کم ہو یا زیادہ حرام ہی رہتا ہے۔ بلکہ تھوڑا سا حرام بہت سے حلال میں شامل ہو کر اسے بھی حرام بنا دیتا ہے جیسے دس کلو چاول کی دیگ میں پاؤ بھر خنزیر کا گوشت اس پوری دیگ کو نجس کرنے کے لئے کافی ہے' اسی طرح کروڑوں روپے کے کاروبار میں چند ہزار روپے سود کے مل جائیں تو کاروبار اسی دیگ کی مانند ہو جائے گا۔ لہٰذا ایسی کمپنیوں کے شیئرز خریدنا بھی ناجائز ہیں۔ مجھے مولانا اشرف علی تھانوی اور مفتی محمد شفیع صاحب کی اتباع میں جناب جسٹس محمد تقی عثمانی صاحب کی یہ رائے پڑھ کر بہت تعجب ہوا آپ بھی پڑھئے لکھتے ہیں :

> "اگر کسی کمپنی کا بنیادی کاروبار حلال ہے لیکن وہ اپنے سرمائے کو بڑھانے کے لئے بینک سے سود پر قرض لیتی ہے یا اپنا فاضل (Surplus) سرمایہ سودی اکاؤنٹ میں رکھواتی ہے اور اس پر بینک سے سود حاصل کرتی ہے اور وہ سود بھی اس کی آمدن کا ایک حصہ ہوتا ہے تو دو شرطوں کے ساتھ اس کے شیئر خریدنا جائز ہیں'

ایک تو یہ کہ وہ شیئر ہولڈر اس کمپنی کے اندر سودی کاروبار کے خلاف آواز ضرور اٹھائے۔ اگرچہ اس کی آواز مسترد ہو جائے' اور میرے نزدیک آواز اٹھانے کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ کمپنی کی جو سالانہ میٹنگ ہوتی ہے' اس میں یہ آواز اٹھائے کہ ہم سودی لین کو درست نہیں سمجھتے' سودی لین دین پر راضی نہیں ہیں اس لئے اس کو بند کیا جائے۔ اب ظاہر ہے کہ موجودہ حالات میں یہ آواز نقار خانے میں طوطی کی آواز ہو گی اور یقیناً مسترد ہو گی۔ لیکن جب وہ یہ آواز اٹھائے تو حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق ایسی صورت میں وہ انسان اپنی ذمہ داری پوری ادا کر دیتا ہے۔"

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر دس کلو کی دیگ میں پاؤ بھر چربی خنزیر کی یا اس کا گوشت ڈال دیا گیا ہو تو صاحبِ تقویٰ علماء کو دیگ کے پاس کھڑے ہو کر یہ صدائے احتجاج بلند کرنی چاہیے کہ آئندہ دیگوں میں خنزیر کا گوشت یا چربی نہ ملائی جائے۔ اور اس دیگ میں سے جو خنزیر کے گوشت یا چربی کی ملاوٹ سے تیار ہوئی ہے چاول کھا لینے چاہئیں۔ اسی طرح آئندہ بھی جب کبھی ایسا ہو صدائے احتجاج بلند کر کے چاول کھا لینے چاہئیں۔ اس سے وہ دیگ حلال ہو جائے گی جس میں سے صدائے احتجاج بلند کر کے کھا لیا جائے گا اور آئندہ بھی تمام ایسی دیگیں صدائے احتجاج کے سہارے حلال ہوتی رہیں گی' یہ خوب استدلال ہے کہ پکانے اور کھلانے والے بھی ناراض نہ ہوں اور خدا بھی راضی رہے۔

نہایت افسوس ہے کہ دین میں یُسر (آسانی) پیدا کرنے کی نبوی ہدایت کو کس طرح غلط استعمال (Mis use) کیا جا رہا ہے۔ اور سرمایہ داروں کو خوش کرنے کے لئے حرام خوری کے کیسے نت نئے انداز سمجھائے جا رہے ہیں۔ کہیں زکوٰۃ ہضم کرنے کے لئے تملیک کا سہارا لیا جا رہا ہے تو کہیں جی پی فنڈ پر سود لینے کے لئے تفویض کو بنیاد بنایا جا رہا ہے۔

شیئرز پرز کوٰۃ کی ادائیگی :

اگر کسی شخص نے شیئرز میں رقم لگا رکھی ہو اور اس سرمایہ کاری کو ایک سال کا عرصہ گزر گیا ہو تو سال گزرنے پر اس کے ذمہ ان شیئرز میں لگائی گئی رقم پر زکوٰۃ ادا کرنا لازمی ہے۔ البتہ شیئرز کی پوری رقم پر زکوٰۃ نہیں اتنے حصہ پر ہے جتنا حصہ منجمد اثاثوں (Fixed Assets) کی شکل میں نہ ہو۔ مثلاً ایک شخص نے ایک لاکھ روپے کے شیئر خریدے ہیں تو ان شیئرز کے بارے میں کمپنی کی بیلنس شیٹ اور کمپنی حسابات کے ذریعہ یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ کمپنی کے کل سرمایہ کا کتنا حصہ مشینری' عمارت و دیگر لوازمات میں لگا ہوا ہے اور کتنا سرمایہ نقد' ادھار' اور خام مال یا تیار مال کی صورت میں موجود ہے۔ فرض کیجئے کل سرمائے کا پچاس فی صد مشینری' عمارت و دیگر لوازمات میں لگا ہوا ہے اور پچاس فیصد' نقد' ادھار' خام مال اور تیار مال میں لگا ہوا ہے تو شیئرز کی پچاس فیصد رقم پر زکوٰۃ ہو گی یعنی اس شیئر ہولڈر کو پچاس ہزار روپے کے شیئرز پر اڑھائی فیصد کے حساب سے زکوٰۃ ادا کرنا ہو گی۔

یہ بات یاد رہے کہ شیئر ہولڈر کو ہر سال زکوٰۃ کی ادائیگی کے موقع پر یہ جاننا ضروری ہے کہ کمپنی کے کاروبار میں کل سرمائے کا کتنے فیصد منجمد اثاثوں میں موجود ہے اور کتنے فیصد سیال اثاثوں (Liquid) کی صورت میں۔ کیونکہ زکوٰۃ منجمد اثاثوں (عمارت مشینری وغیرہ) پر نہیں سیال اثاثوں پر لاگو ہوتی ہے۔ نیز زکوٰۃ ادا کرتے وقت شیئرز کی جو مارکیٹ ویلیو ہو اس پر زکوٰۃ ہے نہ کہ قیمت خرید پر۔ اسے مزید واضح کرنے کے لئے درج ذیل مثال پیش کی جاتی ہے۔

احمد نے ۱۹۹۸ء میں ۱۰۰ شیئر خریدے۔ جنوری ۱۹۹۸ میں شیئرز کی قیمت خرید دس روپے فی شیئر کے حساب سے ۱۰۰۰ روپے تھی۔ جنوری ۱۹۹۹ء میں ان شیئرز کی مارکیٹ ویلیو سو روپے فی شیئر کے حساب سے 10000 = 100 x 100 روپے ہو گئی۔ ۱۹۹۹ء کی کمپنی بیلنس شیٹ اور حسابات کے مطابق کمپنی کے سرمایہ کا چالیس فیصد عمارت

اور مشینری میں لگا ہوا ہے تو گویا احمد کے ۱۰۰ شیئرز کی موجودہ مالیت کے حساب سے اس کے سرمایہ کی پوزیشن اس طرح ہے۔

۱۰۰ شیئرز کی موجودہ ویلیو	۱۰۰ x ۱۰۰ = ۱۰۰۰۰ روپے
کمپنی کے منجمد اثاثوں میں سرمایہ ۴۰ فیصد کے حساب سے	۴ ہزار روپے
کمپنی کے سیّال اثاثوں میں سرمایہ ۶۰ فیصد کے حساب سے	۶ ہزار روپے

اسطرح احمد کے ذمہ ۶ ہزار روپے پر اڑھائی فیصد کے حساب سے ۱۵۰ روپے زکوٰۃ ادا کرنا لازم ہے۔

شیئر ہولڈرز پر حج کی ادائیگی :

شیئر ہولڈر کے پاس اگر اتنا سرمایہ زائد (Surplus) ہے جس سے حج ادا کیا جا سکتا ہے تو اسے اس سرمایہ کو حج کی ادائیگی میں خرچ کر کے فریضہ حج ادا کرنا چاہئے اس لئے کہ حج اس مسلمان شخص (مرد و عورت) پر فرض ہے جس کے پاس اپنی ضروریات سے زائد اتنی رقم جمع ہو جس سے حج کے اخراجات ادا کئے جا سکیں۔ فرضیت حج کے حوالہ سے تفصیل کے لئے فقہ کی کتابوں کے وہ ابواب دیکھ لئے جائیں جن میں حج کے مسائل کا بیان ہے۔

شیئرز کے کاروبار کے بارے میں عالم اسلام کے اسکالرز کی رائے :

میں نے اپنے ایک مضمون (نکاح کی بہترین عمر) میں یہ لکھا تھا کہ ہمارے عوام جس طرح مقامی اشیاء کی بجائے غیر ملکی اشیاء کو زیادہ پسند کرتے ہیں اسی طرح اب فتاویٰ کے معاملہ میں بھی ان کا رجحان امپورٹڈ فتاویٰ کی طرف زیادہ ہے۔ خصوصاً طلاق کے معاملہ میں وہ یہاں کے مفتیوں کی بات پر یقین نہیں کرتے کیونکہ مقامی مفتیان کرام انہیں فقہ حنفی کے مطابق تین طلاق دینے پر بیوی سے الگ ہو جانے کا مشورہ دیتے ہیں۔ جب کہ ان کا ارادہ بدستور ایک ساتھ رہنے کا ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ بیرون ملک رابطہ کرتے ہیں۔ اور سعودی عرب کے کسی مفتی سے یا مقامی غیر مقلد عالم سے ایک ہی مجلس کی تین طلاق

کو ایک قرار دلوا کر اپنی مطلقہ کو گھر ڈال لیتے ہیں اور اپنے ہاں کے مفتیان کرام کو کوسنے لگتے ہیں۔ ذیل میں علماء اسلام کا ایک ایسا متفقہ فتویٰ نقل کیا جاتا ہے۔ جو مکہ مکرمہ سے آیا ہے اور شیئرز کے کاروبار سے متعلق ہے۔ اگرچہ اس موضوع پر مقامی علماء کرام و مفتیان عظام نے بہت کچھ لکھا ہے تاہم عوام کی دلچسپی کے مطابق امپورٹڈ فتویٰ کا ترجمہ نقل کیا جاتا ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کتنے لوگ اس پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔

سعودی عرب میں عالم اسلام کے سرکردہ علماء پر مشتمل کمیٹی مجمع الفقہی الاسلامی (مکہ مکرمہ) کے سامنے یہ سوال پیش ہوا کہ کمپنیوں کے حصص کی خرید و فروخت کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اور حصص کا کاروبار حلال ہے یا حرام؟ مجمع الفقہی الاسلامی نے اپنے اجلاس میں اس پر غور و فکر کیا اور درج ذیل متفقہ فتویٰ جاری کیا۔ فتویٰ کا اصل متن مجلہ الدعوۃ الریاض کے شمارہ ۱۶۰۱ جولائی ۱۹۹۷ء میں شائع ہوا ہے جس کا ترجمہ پیش خدمت ہے۔

"رابطہ عالم اسلامی کے ذیلی ادارہ مجمع الفقہی الاسلامی کا چودھواں اجلاس مکہ مکرمہ میں بروز ہفتہ ۲۰ شعبان ۱۴۱۵ھ منعقد ہوا جس میں موضوع ذیل پر غور و خوض کیا گیا اور طے پایا کہ:

۱۔ چونکہ معاملات میں اصل بات یہ دیکھی جاتی ہے کہ وہ حلال اور مباح ہیں یا نہیں۔ اس لئے شرعی طور پر جائز اور مباح اغراض کے پیش نظر کاروباری کمپنیوں کا قیام مباح سرگرمیوں کی خاطر جائز ہے۔

۲۔ ایسی کمپنیوں کے حصص (Shares) کے حرام ہونے میں کوئی شک نہیں جن کا مقصد قیام ہی حرام کاروبار ہو۔ جیسے سودی کاروبار کی خاطر قیام' یا حرام اشیاء کی تیاری اور حرام اشیاء کی تجارت کے لئے کمپنی کا قیام۔

۳۔ ایسی کمپنیوں یا بینکوں کے حصص کسی بھی مسلمان کے لئے خریدنا جائز نہیں۔ جو بعض معاملات میں سود میں ملوث ہوں۔ جبکہ حصص خریدنے والے کو اس بات کا علم ہو کہ کمپنی سود میں ملوث ہے۔

۴۔ اگر کسی شخص نے کسی کمپنی کے حصص خریدے اور اسے یہ معلوم نہیں تھا کہ یہ کمپنی سودی کاروبار کرتی ہے۔ مگر پھر (کچھ عرصہ میں) اس کے علم میں یہ بات آ گئی تو اسے چاہئے کہ وہ فوراً اپنا سرمایہ اس کمپنی کے حصص سے نکال لے۔

ایسے حصص میں حرمت کا حکم بڑا واضح ہے اور اس پر قرآن و سنت کے سود کے سلسلہ کے عمومی دلائل موجود ہیں اور کسی شخص کا یہ جانتے ہوئے بھی کہ کمپنی سودی کاروبار کرتی ہے اس کے حصص خریدنا گویا اپنے آپ کو دانستہ اس کاروبار میں شریک کرنا ہے۔ کیونکہ حصص اس کمپنی کے کاروبار و املاک کا ایک جزو ہے اور کمپنی جو قرض جاری کرتی ہے سود پر کرتی ہے یا جب بھی سرمایہ لیتی ہے تو سود پر لیتی ہے۔ چنانچہ اس طرح کے ہر معاملہ و لین دین میں ہر حصہ دار (Share Holder) شریک ہوتا ہے۔ کیونکہ کمپنی کے جو بھی کارندے یا افسران اس طرح کا لین دین کرتے ہیں وہ اپنے حصہ داروں یا شیئر ہولڈرز (Share Holders) کے نائب کے طور پر کام کرتے ہیں اور کسی حرام کام کے لئے کسی کو اپنا نائب، وکیل یا نمائندہ بنانا جائز نہیں۔"

فتویٰ کا ترجمہ آپ نے پڑھا۔ آیئے اب دعا کریں۔

اَللّٰھُمَّ اَغْنِنَا بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ ......

مولانا محمد صحبت خان اور ڈاکٹر نور احمد شاہتاز صاحب کی تالیفات ملنے کے پتے

۱۔ فرید بکسٹال 38۔ اردو بازار لاہور

۲۔ مکتبہ جمالِ کرم، مرکز الاویس، دربار مارکیٹ لاہور

۳۔ مکتبہ نعیمیہ، جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور

۴۔ مکتبہ رضویہ، دربار مارکیٹ، لاہور

۵۔ مکتبہ اعلیٰ حضرت، دربار مارکیٹ لاہور

۶۔ مکتبہ اہلِ سنت، جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری گیٹ لاہور

۷۔ سنی کتب خانہ، دربار مارکیٹ لاہور

۸۔ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، گنج بخش روڈ لاہور

۹۔ مکتبہ غوثیہ ہولسیل سبزی منڈی کراچی

۱۰۔ فریدی بک سنٹر اردو بازار کراچی

۱۱۔ مکتبہ رضویہ آرام باغ کراچی

۱۲۔ مکتبہ المدینہ اردو بازار کراچی

۱۳۔ ضیاء القرآن پبلی کیشنز اردو بازار کراچی

شرعی علوم کی ترویج میں

کمپیوٹر

کا کردار

تحریر

پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

شرعی علوم میں کمپیوٹر سے کیا کیا کام لئے جاسکتے ہیں

اور

اب تک کمپیوٹر پر کون کون سی اسلامی کتابیں محفوظ کی جاچکی ہیں

پندرہ روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کر کے مفت حاصل کیجئے۔

اسکالرز اکیڈمی

گلشن اقبال، پوسٹ بکس نمبر 17887، کراچی۔۷۵۳۰۰

E.Mail : onegod@super.net.pk.

مؤلف کی دیگر کتب ورسائل

۱. تاریخ نفاذ حدود	قیمت ۳۰۰ روپے
۲. کاغذی کرنسی کی شرعی حیثیت	قیمت ۸۰روپے
۳. کریڈٹ کارڈ (تاریخ، تعارف، شرعی حیثیت)	قیمت ۴۰ روپے
۴. کلوننگ (تعارف، امکانات، خدشات، شرعی نقطہ نظر)	قیمت ۸۰روپے
۵. امام وخطیب کی شرعی ومعاشرتی حیثیت	قیمت ۶۰ روپے
۶. مختصر نصاب سیرت النبی ﷺ (بچوں کے لئے)	قیمت ۱۵ روپے
۷. مختصر نصاب فقہ (بچوں کے لئے)	قیمت ۱۵ روپے
۸. مختصر نصاب حدیث (بچوں کے لئے)	قیمت ۱۵ روپے
۹. شرعی علوم کی ترویج میں کمپیوٹر کا کردار	قیمت ۱۵ روپے
۱۰. مفتی کون؟ فتوی کس سے لیں؟	قیمت ۱۵ روپے
۱۱. انڈیکس شرح صحیح مسلم	قیمت ۱۵ روپے
۱۲. روزہ رکھئیے مگر!	قیمت ۱۵ روپے
۱۳. شیئرز کے کاروبار کی شرعی حیثیت	قیمت ۱۵ روپے
۱۴. کڑوی روٹی (مرگ کے موقع پر ہونے والی دعوتوں کا پوسٹ مارٹم)	قیمت ۲۰ روپے
۱۵. بعض جدید مسائل ومعاملات کی شرعی حیثیت	قیمت ۶۰ روپے
۱۶. منتخب مباحث علوم القرآن	قیمت

....بعض دیگر اہم کتب جو ہمارے پاس دستیاب ہیں....

چہل حدیث شریف کا تحفہ (از شیخ الحدیث علامہ محمد رمضان)	قیمت ۸۰ روپے
پی ایچ ڈی کیسے کریں؟ (از لطافت بریلوی)	قیمت ۳۵ روپے
شعلہ آواز، بچوں کے لئے تقریروں کا مجموعہ (از محمد صحبت خان)	قیمت ۶۰ روپے

اسکالرز اکیڈمی کراچی

پوسٹ بکس نمبر ۱۷۸۸۷ گلشن اقبال کراچی ۷۵۳۰۰ فون ۸۱۳۳۳۴۷ فیکس ۴۵۸۳۴۲۶

مؤلف کی دیگر کتب ورسائل

۱. تاریخ نفاذ حدود	قیمت ۳۰۰ روپے
۲. کاغذی کرنسی کی شرعی حیثیت	قیمت ۸۰روپے
۳. کریڈٹ کارڈ (تاریخ، تعارف، شرعی حیثیت)	قیمت ۴۰ روپے
۴. کلوننگ (تعارف، امکانات، خدشات، شرعی نقطہ نظر)	قیمت ۸۰روپے
۵. امام وخطیب کی شرعی ومعاشرتی حیثیت	قیمت ۲۰ روپے
۶. مختصر نصاب سیرت النبی ﷺ (بچوں کے لئے)	قیمت 15 روپے
۷. مختصر نصاب فقہ (بچوں کے لئے)	قیمت 15 روپے
۸. مختصر نصاب حدیث (بچوں کے لئے)	قیمت 15 روپے
۹. شرعی علوم کی ترویج میں کمپیوٹر کا کردار	قیمت 15 روپے
۱۰. مفتی کون؟ فتویٰ کس سے لیں؟	قیمت 15 روپے
۱۱. انڈیکس شرح صحیح مسلم	قیمت 15 روپے
۱۲. روزہ رکھئیے مگر!	قیمت 15 روپے
۱۳. شیئرز کے کاروبار کی شرعی حیثیت	قیمت 15 روپے
۱۴. کڑوی روٹی (مرگ کے موقع پر ہونے والی دعوتوں کا پوسٹ مارٹم)	قیمت ۲۰ روپے
۱۵. بعض جدید مسائل ومعاملات کی شرعی حیثیت	قیمت ۲۰ روپے
۱۶. منتخب مباحث علوم القرآن	قیمت

.....بعض دیگر اہم کتب جو ہمارے پاس دستیاب ہیں.....

چہل حدیث شریف کا تحفہ (از شیخ الحدیث علامہ محمد رمضان)	قیمت ۸۰ روپے
پی ایچ ڈی کیسے کریں؟ (از لطافت بریلوی)	قیمت ۳۵ روپے
شعلہ آواز، بچوں کے لئے تقریروں کا مجموعہ (از محمد صحبت خان)	قیمت ۲۰ روپے

اسکالرز اکیڈمی کراچی

پوسٹ بکس نمبر ۱۷۸۸۷ گلشن اقبال کراچی ۷۵۳۰۰ فون ۸۱۴۳۳۴۷ فیکس ۴۵۸۳۴۲۶